URDU



# Children's Aid Society
# اور آپ

ورکر کا نام:

فون: 905-895-2318 یا 1-800-718-3850

ایکسٹینشن

ایجنسی کی ویب سائٹ:

www.yorkcas.org

York Region Children's Aid Society

## Children's Aid Society کا کردار

زیادہ تر خاندان مشتبہ بدسلوکی یا بے توجہی کی رپورٹ کردہ تشویش کی وجہ سے Children's Aid Society کے ساتھ شامل ہوتے ہیں۔ ایسا ہونے پر، قانون کے مطابق Children's Aid Society کو معلومات تک رسائی اور، جہاں ضروری ہو، تفتیش کرنی چاہئے۔ Children's Aid Societies بچوں اور نوجوان کے لیے محفوظ اور صحت بخش ماحول تخلیق کرنے اور اس کی معاونت کرنے کے لیے خاندانوں کے ساتھ کام کرتی ہیں۔

### آپ کے خاندان سے ملاقات کرنا

Children's Aid Society ورکر رپورٹ کردہ خدشات کے بارے میں بات کرنے کے لیے آپ کے خاندان سے ملاقات کریں گے۔ ہم والدین اور نگرانوں کے تجربات کا احترام کرتے ہیں، اور ایسی خدمات فراہم کرنے کے لیے کام کرتے ہیں جو ثقافتی طور پر حساس ہیں۔ اگر آپ کو ترجمان کی ضرورت ہے، تو یہ آپ کو فراہم کیا جائے گا۔ ورکرز آپ کے خاندان کی خصوصیات اور ضروریات کو سمجھنے کے لیے آپ کے گھر میں رہنے والے دوسرے لوگ، اور دوسرے افراد جیسے کہ ڈاکٹرز اور اساتذہ سے بھی بات کر سکتے ہیں۔ ورکرز یہ دیکھنے کے لیے حالات کا جائزہ لیں گے کہ آیا آپ کے بچے کو نقصان پہنچا ہے یا اسے نقصان پہنچائے جانے کا خطرہ ہے۔

### آپ کے بارے میں پوچھنا

Children's Aid Society معلومات طلب کرے گی، بشمول ، نسل، قومیت، مذہب، جنسی رجحان، اور صنفی شناخت، لیکن اسی تک محدود نہیں ہے۔ یہ معلومات پوچھنے اور اکٹھی کرنے کے لیے آپ کی رضامندی لی جائے گی۔ یہ معلومات بچوں اور نوجوان کو اس بارے میں بولنے کا موقع فراہم کرتی ہے کہ وہ اپنی شناخت کیسے کرانے کا انتخاب کرتے ہیں۔ یہ معلومات اکٹھی کرنا بھی اس کا ایک حصہ ہے کہ Children's Aid Societies بچوں اور نوجوان کی معاونت کے لیے کس طرح سے منصوبے بناتی ہیں۔ یہ معلومات چائلڈ پروٹیکشن انفارمیشن نیٹ ورک (Child Protection Information Network - CPIN) میں ذخیرہ ہوتی ہیں، جو کہ ایک صوبائی سسٹم ہے جسے Children's Aid Societies چائلڈ پروٹیکشن سروسز کو فراہم کرنے کے لیے ضروری معلومات ذخیرہ کرتی ہیں۔ CPIN کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، مہربانی کرکے ملاحظہ کریں: www.yorkcas.org/CPIN.asp.

## اس کے بعد کیا ہوتا ہے

اگر ورکر کو کوئی ایسے خدشات نظر آتے ہیں جن کے ازالے کی ضرورت ہے، تو وہ آپ کے بچے کے تحفظ اور آپ کے خاندان کی بہبود سے متعلق معاونت کے لیے آپ کو کمیونٹی سروسز سے جوڑے گا/گی۔ وہ مستقل طور پر آپ کے خاندان کے ساتھ کام کرنا جاری رکھ سکتا/سکتی ہے۔ جہاں بھی آپ کے بچے کے تحفظ کو فوری خطرہ لاحق ہوتا ہے، خواہ یہ جسمانی، جذباتی، یا لاپرواہی کے سبب ہو، ورکر آپ کے بچے کے لیے متبادل حفاظت کی جگہ تلاش کرنے کے لیے آپ کے ساتھ کام کرے گا۔

اگر آپ کا بچہ گھر پر نہیں رہ سکتا ہے، تو ایسی صورت میں ہدف اسے ایسے لوگوں کے ساتھ رکھنے کا ہے جن کے ساتھ اس کا رشتہ ہو، جیسے کہ توسیعی خاندان یا دوست تاکہ وہ ایسے لوگوں کے ساتھ رہے جنہیں وہ جانتا اور پیار کرتا ہو۔ اسے رشتہ دار سے متعلق انتظام کہا جاتا ہے۔ اگر رشتہ دار کا اختیار دستیاب نہیں ہے، تو آپ کا بچہ Children's Aid Society کی عارضی نگہداشت میں آ جائے گا اور رضاعی خاندان کے ساتھ رہے گا۔ اس وقت کے دوران، Children's Aid Society آپ کے ساتھ دوبارہ محفوظ گھریلو ماحول قائم کرنے کے لیے کام کرتی رہے گی۔ ہمارا مقصد اس بات کو یقینی بنانے کے لیے آپ کے ساتھ مل کر کام کرنا ہے کہ آپ کے بچے آپ کے خاندان کے ساتھ محفوظ طریقہ سے رہ سکیں۔




## آپ کی ذمہ داریاں




ورکرز اور عملہ کے ساتھ احترام کا سلوک کریں



ورکرز اور عملہ کے ساتھ فوری طور پر بات کریں



اگر آپ کے سوالات یا شکایات ہیں تو اپنے ورکر سے بات کریں



قانونی شناخت فراہم کریں (جیسے ڈرائیور کا لائسنس)

## آپ کے حقوق

آپ کو درج ذیل کا حق حاصل ہے:

احترام اور ثقافتی لحاظ سے حساس انداز میں سلوک کیا جائے

کسی بھی ملاقاتوں اور Children's Aid Society کے ساتھ سبھی تعاملات کے دوران مترجم کی خدمت پیش کی جائیں

اپنے خاندان کے لیے سروس پلانز کی تیاری میں شامل کیا جائے

اپنے خاندان سے متعلق فیصلہ سازی میں شامل ہو سکیں

پیشہ ورانہ اور بروقت انداز میں خدمات کی توقع کرنے کا

اپنے سوالات کے جوابات حاصل کرنے اور فوری طور پر فون کالز کا جواب دیے جانے کا

کسی بھی فیصلے یا اعمال کے بارے میں تمام اختیارات یا نتائج کے بارے میں جاننے کا

قانونی اور عدالتی کارروائی کو سمجھنے کا اگر یہ آپ کے حالات میں قابل اطلاق ہو

تاثرات فراہم کرنے یا آزادانہ طور پر خدشات/ شکایات کا اظہار کرنے کے قابل ہوں

اپنی معلومات کو خفیہ رکھ سکیں

آپ کی درخواست پر آپ کے ریکارڈ میں موجود آپ کی معلومات تک رسائی دی جائے

## شکایت کیسے درج کرائی جائے

ہم آپ کی خدشات کو سمجھنے اور نتیجے پر پہنچنے کے لیے آپ کے ساتھ کام کرنا چاہتے ہیں۔ اگر کوئی تشویش ہے، تو ہم اسے آپ کے ساتھ حل کرنے کی اپنی بہترین کوشش کریں گے۔ مہربانی کرکے ورکرز کے ساتھ اپنی تشویش کے بارے میں جتنی جلد ممکن ہو بات کریں۔ اگر آپ اور آپ کے ورکر اسے حل نہیں کر پاتے ہیں، تو آپ ورکر کے سپروائزر سے بات کر سکتے ہیں۔ زیادہ تر معاملات عموماً اس موقع پر حل ہوجاتے ہیں۔ تاہم، اگر مسئلہ حل نہیں ہوتا ہے، تو ہماری ویب سائٹ پر ایک رسمی ضابطہ شکایت دستیاب ہے:
**www.yorkcas.org/client.asp**

آپ کو درج ذیل ایجنسیوں کے پاس شکایت کرنے کا بھی اختیار حاصل ہے:
چائلڈ اینڈ فیملی سروسز ریویو بورڈ **(CFSRB**، یہ **Children's Aid Societies)** کے بارے میں شکایات کا جائزہ لیتا ہے:
**www.sjto.gov.on.ca/cfsrb**
اونٹاریو اومبڈسمین**(Ontario Ombudsman)**، یہ سرکاری خدمات کے انتظام کی نگرانی کے لیے ذمہ دار ہے:
**www.ombudsman.on.ca/home**
آفس آف دی فرنچ لینگویج سروسز کمشنر **(Office of the French Language Services Commissioner)**، اگر آپ کو فرانسیسی زبان کی خدمات درکار ہے اور یہ حاصل نہیں ہوئی ہے:
**/www.csfontario.ca/fr**

## مقامی شناخت اور ورثہ

اگر آپ یا آپ کے بچے کی شناخت فرسٹ نیشنز، انوئیٹ یا میٹس، یا مقامی وراثت رکھنے والے کے طور پر ہے، تو ہم آپ کو **Dnaagdawenmag Binnoojiiyag Child and Family Services** سے جوڑیں گے، جو کہ ملک میں بچے اور خاندان کی بہبود سے متعلق مقامی ایجنسی ہے جو مقامی کمیونٹیز کو ثقافتی اور روحانی لحاظ سے موزوں خدمات فراہم کرتی ہے۔ ان سے **705-295-7135** پر رابطہ کریں یا **www.binnoojiiyag.ca** ملاحظہ کریں۔

---

## ہم سے رابطہ کریں

پیشکشیں
speakers.bureau@yorkcas.org

رضاعی نگہداشت
fostering@yorkcas.org

عطیہ دیں
www.yorkregionchildrensfund.org

گود لینا
adoption@yorkcas.org

ملازمت
human.resources@yorkcas.org

رضاکار بنیں
volunteering@yorkcas.org

**Twitter** پر ہمیں فالو کریں
@YorkRegionCAS